© rasailojaraid.com



جناب محمود الازہار ندوی

# اسلام کا اعجاز

اسلام کا اعجاز ہے کہ اس نے اپنے محور اور مرکز کو نہ زمان کے ساتھ مخصوص رکھا ہے اور نہ مکان کے ساتھ۔ مقامات مقدسہ کے علاوہ دمشق، بغداد، قرطبہ، استنبول، دلی اور ترکستان کو یکے بعد دیگرے مرکز بنایا۔ عربوں، ایرانیوں، برامکہ، ترکوں، سلجوقیوں اور ہندوستانیوں سے وہ کام لیا جس نے اسلام کی صحیح ترجمانی کی اور اسے مستقر فراہم کیا اور اسلامی علوم وفنون کی تدوین وترویج کی اور اس کی نشر و اشاعت میں سرپرستی کی اور زمانہ وحالات کے لحاظ سے کتابوں کے تراجم کرائے اور علمی طور سے اپنے کو اتنا زیادہ مالا مال کرایا کہ اس کی ہمعصر قوموں میں اس کی نظیر ملنی آسان نہیں ہے۔

اسلام قوموں کی ترقی، تہذیب کے پروان چڑھنے اور تمدن کے فروغ میں بھی اپنی نظیر نہیں رکھتا ہے اور اس کے مراکز اپنے اپنے زمانے میں صرف اسلام ہی کے مراکز نہیں تھے بلکہ وہ تہذیب وتمدن کے بھی مراکز تھے، علوم وفنون کے دبستان تھے، اقتصادیات کی اہمیت کے حامل یعنی تجارتی مراکز بھی تھے، وہاں کی زبان وادب معیاری اور ٹکسالی تسلیم کی جاتی تھی، اسی لئے یہ مراکز غیر مسلم طاقتوں اور قوموں کی طبع آزمائیوں کا شکار ہوتے اور ان کے دست برد کا نشانہ بنے اور وہاں کی آبادیاں زیر وزبر ہوگئیں پرشکوہ عمارتیں کھنڈر بن گئیں اور علوم وفنون کی آبیاری کرنے والے چشمے یعنی کتب خانے خاکستر ہوگئے اور مسلمان ہونا جرم قرار دیا گیا مگر جب یہی قومیں مسلمانوں سے قریب ہوئیں، اسلامی تعلیمات سے واقفیت حاصل کی اور مسلمانوں کی زندگی کا مطالعہ کیا، ان کے عادات واطوار اور اخلاق کا مشاہدہ کیا تو وہی اسلام کے پاسبان ہوگئے۔ اس کی علمی سرپرستی کی، اس کو مذہبی تحفظ فراہم کیا، تہذیب وتمدن میں ایک نیا موڑ دیا اور ایک نئی معاشرت کی داغ بیل ڈالی اور اسلام کو حیات نو دی۔

اسلام کا یہ اعجاز ہے کہ اس نے اپنے دشمن اور مخالف سے اپنی پاسبانی اور پاسداری کا کام لیا ہے اور ان سے دین کی رہنمائی کرائی ہے۔ مشرکین مکہ ہی کو لیجئے جو اسلام کے سخت ترین دشمن تھے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مگر جب اسلام نے ان کے دلوں میں جگہ بنائی تو وہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مرمٹنے اور فدا ہونے کے لئے تیار رہتے تھے اور ان کو اصحاب کے لفظ سے یاد کیا گیا اور ان کی یہی ادا اسلام کی دعوت و تبلیغ کے کام کو بڑھانے، اسلامی معاشرت کو فروغ دینے اور اسلامی زندگی کو پروان چڑھانے میں معاون بنی۔

ایرانیوں کو یعنی وہ عربوں کو حقیر سمجھتے تھے وہ ان کو تہذیب و تمدن نیز مذہبی طور سے پسماندہ قرار دیتے تھے مگر جب وہ اسلام سے قریب ہوئے تو عربوں کی سرپرستی میں اسلام کے پاسبان ہو گئے، پوری عباسی تاریخ کا مطالعہ کیجئے، برآمکہ کو لیجئے، ترکوں کو لیجئے کہ انہوں نے خلفاء عباسیہ کے ساتھ اسلام کی شان و شوکت اور طاقت و قوت میں کس قدر اضافہ کیا اور اسلام کی بازنطینی حکومت کے مقابل کس طرح محافظ بنے رہے اسی طرح سلاجقہ نے اسلام کو علمی و تہذیبی تفوق دیا اور خلافت کی گرتی ہوئی دیوار کو ایسا سہارا دیا، جس نے خلافت عباسیہ کو مزید دو صدی کے لئے ممتد کر دیا اور یہی سلاجقہ تھے جنہوں نے صلیبی افواج کی یلغار کو مدتوں روکے رکھا اور اسلام کی حفاظت میں سینہ سپر رہے اور صلیبی افواج کی شام اور فلسطین کے علاقوں میں رسائی ان کے خاتمہ کے بعد ہی ہو سکی اور سلاجقہ کا یہ دور اسلامی تاریخ کے زرین عہد کی طرف اشارہ کرتا ہے، پروفیسر فلپ، کے حتی لکھتا ہے۔

"جوں جوں سلجوقیوں کی فوجوں میں نئے نئے اور تازہ دم ہم قبیلہ ترک جوق در جوق داخل ہونے لگے، ان کی فتوحات کے دائرے بھی بڑی تیزی کے ساتھ پھیلنے لگے یہاں تک کہ مغربی ایشیا پھر ایک بار ایک ہی اسلامی حکومت کے پرچم تلے متحد ہو گیا اور اسلامی فوجوں کی عظمت کا چاند پھر ظلم و ضلالت کے بادلوں سے نکل آیا۔ اسلام کی طرف سے دنیوی اقتدار اور فضیلت کے حصول کی جد و جہد شروع ہو گئی تھی، اب وسط ایشیا کی ایک نئی نسل اس کے لئے اپنا خون پسینہ ایک کر رہی تھی، اس نسل کے وحشی اور بے دین افراد نے اگر کبھی رسول اللہ کے ماننے والوں کی گردنیں اپنے پیروں تلے روندی تھیں تو یہی لوگ اب اپنے مفتوحوں کا دین یعنی اسلام قبول کر کے دین اسلام کے پرجوش علم برداروں میں داخل ہو گئے لیکن یہ بھی خوب یاد رہے کہ دین اسلام کی تاریخ میں یہ کوئی انوکھا واقعہ نہ تھا۔ ان کے عمزاد بھائی یعنی تیرہویں صدی عیسوی کے منگول اور دوسرے رشتہ دار عثمانی ترکوں نے بھی چودہویں صدی کی ابتداء میں یہی کہانی دہرائی ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ مسلمانوں کے تاریک ترین سیاسی دور میں بھی دین اسلام نے اپنی بعض شاندار فتوحات حاصل کی ہیں۔ (عرب و اسلام ص ۲۰۸-۲۰۷، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دہلی، جولائی ۱۹۵۱ء)

اسی طرح جب تاتاری یعنی چنگیز خان کا پوتا ہلاکو ۱۲۵۳ء میں ایک جرار فوج کے ساتھ نکلا تو اس فوج کے راستے میں جتنی ریاستیں آئیں ان سب کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے گئی اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۲۵۸ میں دارالخلافہ بغداد کو گھیر لیا اور شہر میں داخل ہو گیا خلیفہ مستعصم باللہ اور اس کے تین سو سے زائد عمائدین کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا اور بغداد کی گلی گلی میں شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی اور پورے شہر میں آگ لگا دیگئی۔ آبادی کا بڑا حصہ جس میں خلیفہ بھی شامل تھا صفحہ ہستی سے مٹ گیا اور ۱۲۶۰ میں شام کے شہروں کو بھی اپنی درندگی کا شکار بنایا۔

مگر اسی ہلاکو کی اولاد جس کے مرے ہوئے پچاس برس بھی گذرنے نہیں پائے تھے کہ اسلام کی محافظ بن گئی اور اسلام کے راہ رو ہو گئی جو اسلام کی عظیم فتح تھی۔ فلپ کے حِتّی لکھتا ہے:۔

"ہلاکو نے سب سے پہلے "ایل خان" چھوٹا خان کا لقب اختیار کیا تھا۔ ۱۲۶۵ میں اس کا انتقال ہو گیا، اس کو مرے ہوتے پچاس برس بھی نہ ہوئے تھے کہ مغلوں کے ساتویں خان نے اسلام کو حکومت کا مذہب قرار دیا اور اسی طرح دین اسلام نے اپنی ایک اور انتہائی شاندار فتح حاصل کر لی، سلجوقیوں کی طرح تاتاریوں پر اسلامی لشکر غالب نہ آسکا لیکن دین اسلام نے ان کو زیر کر لیا اور ان پر پوری فتح پائی (عرب و اسلام)

اسلام نے ہر آزمائش میں اپنے آپ کو کندن ثابت کیا ہے اور دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت اور قوم کے سامنے صف آرا ہوا ہے مگر اس نے اپنے وجود کو ہر محاذ، ہر میدان اور ہر تہذیب اور ہر ثقافت اور ہر قوم میں ثابت کرتا رہا ہے اور اپنی حقانیت کو منواتا رہا ہے۔ اس نے اپنی حقانیت کو صلیبی افواج کے خلاف ثابت قدم رکھا اور عمادالدین، نورالدین اور صلاح الدین ایوبی جیسے قائد پیدا کئے جنہوں نے اسلام کی حفاظت کی اور مخالف طاقتوں کو زیر کیا اور بقول فلپ کے حتی کے کہ اس زمانے میں (بارہویں، تیرہویں صدی) مغرب بعید کے ایک محاذ پر اسلام ایک طوفان سے دوچار تھا، اس طوفان نے خود ہمارے تمدن کی تاریخ پر نہایت درخشاں نقوش ثبت کئے ہیں، اسی طوفان نے اسلام کے ایک بہت بڑے مجاہد اور اس کے علم بردار کا عروج دیکھا۔ یہ صلیبی لڑائیوں اور سلطان صلاح الدین اعظم کا زمانہ ہے (ص ۲۱) ۔ آگے چل کر مصنف مذکور لکھتا ہے کہ:۔

ہارون اور بیبرس جیسے مشاہیر اسلام کی فہرست میں مسلمان اس (صلاح الدین) کا نام گنتے ہیں اور آج بھی صلیبی مجاہدوں کے مقابلے میں حامی اسلام مرد خدا کی حیثیت سے اس کا نام بہت مقبول ہے، اس کے عظیم الشان کردار نے نہ صرف قرون وسطیٰ کے انگریز شاعروں کے ساز تخیل کو چھیڑا بلکہ ہمارے زمانے کے ناول نگاروں کے تصورات کو اپنے کردار سے مالا مال کیا ہے۔ آج بھی اس کو نظام سپہ گری کا ایک مکمل کردار سمجھا جاتا ہے (عرب اور اسلام ص ۲۲۲)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام کی پاسداری مملوکوں نے کی اور تاتاریوں کے غیر مفتوح عظیم لشکر کو شکست دی، اسی طرح عثمانی ترکوں نے اسلام کی حفاظت صدیوں کی اور اپنی ماہرانہ جنگی صلاحیتوں سے مشرقی یورپ کو روند ڈالا۔ حتّٰی لکھتا ہے:-

قسطنطنیہ کا ترکی سلطان رفتہ رفتہ مسلمانوں کا سب سے زیادہ طاقتور حکمران بن گیا وہ نہ صرف بغداد کی میراث خلافت پر قابض ہوگیا بلکہ بازنطینہ کی میراث شہنشاہیت بھی اس کے قبضے میں آگئی تھی۔ مملوکوں کی سلطنت کی تباہی اور باسفورس کے کنارے ترکی سلطنت کے قیام کی وجہ سے اسلامی اقتدار کا محور مغرب میں منتقل ہوگیا (ص۲۴۱)

مگر اب اسلام کی کرنوں کا مرکز ترقی یافتہ ممالک اور تہذیبی اور علمی طور سے خود کفیل ممالک ہیں اور اسلام نے ان کے قدیم اور روایتی معاشرہ میں جگہ بنالی ہے جو کسی زمانہ میں اسلام دشمن تسلیم کئے جاتے تھے اور ان ممالک میں مسلمانوں کی تعداد میں بھی برابر اضافہ ہو رہا ہے اور آئے دن حلقہ بگوش اسلام ہونے والوں کے متعلق تاثرات آتے رہتے ہیں کہ وہ اسلام کی کن خوبیوں سے متاثر ہوکر اسلام لائے اور اسلام کو اور خاص طور سے مسلمانوں کو طاقت و توانائی حاصل ہو رہی ہے بلکہ ان کے ذریعہ سرپرستی اور پاسداری مل رہی ہے اور ان ممالک میں جو اسلامی مراکز ہیں وہ اسلام کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں جس سے اسلام کو یورپ کے معاشرہ میں اپنی انفرادیت و تشخص کے ساتھ دوسروں کو روشناس کرانے کا موقع مل رہا ہے۔

مذکورہ ممالک میں اسلام قبول کرنے والے انفرادی بھی ہیں اور اجتماعی بھی، وہ پڑھے لکھے بھی ہیں اور دانشور بھی ہیں اور اہم عہدوں کے مالک ہیں، اسلام کی طرف یہ رجوع صرف ایک ملک میں نہیں ہے بلکہ فرانس، جرمنی، انگلینڈ، افریقہ کے ممالک اور امریکہ کے ممالک سب جگہ ہے۔ تازہ مثال یوگنڈا کے صدر کے بھائی جو فوج کے سربراہ تھے، کا قبول اسلام ہے، ان کا اسلامی نام سلیم صالح رکھا گیا ہے۔ اسی طرح مشہور افریقی فٹ بالر کوارشی کا مع اپنی بیوی کا قبول اسلام ہے جس نے گابون کے دارالسلطنت لیور پول میں ایک تقریب میں اپنے اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا۔ کوارشی کا نام محمد رکھا گیا ہے۔ پوچھنے پر ان دونوں نے بتایا کہ وہ اسلام کے دائرہ میں تین سال قبل داخل ہو چکے تھے اور پابندی سے نماز اور رمضان کے روزے رکھتے تھے۔

(ارض الاسراء، رمضان ۲۰۰۷ء)

اسی طرح امریکہ میں مسلمانوں کے متعلق ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ میں مسلمانوں کی تعداد چھ ملین ہے اور اسلام کی اشاعت بہت تیزی سے ہو رہی ہے۔ امریکہ سے عیسائی رسالہ "حقیقت" کے مطابق پوری دنیا میں اسلام کے پھیلنے کا تناسب دوسرے مذاہب کے مقابلہ میں بہت ارفع ہے، ۱۹۲۴ء


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے ۱۹۸۳ء کے درمیان اسلام کی اشاعت رسالہ مذکورہ کے مطابق ۲۳۵٪ ہے جب کہ یہودیت کی اشاعت منفی ۴٪ اور عیسائیوں کی تعداد میں اضافہ کا تناسب ۴۷٪ ہے۔ اس وقت اسلام امریکہ میں عددی طور پر عیسائیت کے بعد دوسرے نمبر پر ہے اور یہودیت تیسرے نمبر پر ہے، اسی طرح سوئٹزرلینڈ کی سرکاری رپورٹ کے مطابق مسلمانوں کی تعداد اس صدی کے چھٹے عشرے میں ۳ ہزار تھی وہ اب ایک لاکھ ہوگئی ہے اور فرانس برطانیہ، مغربی جرمنی میں مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد تو ایک حقیقت ہے۔

الغرض اسلام کی آبیاری کا عمل مسلسل جاری ہے، حجاز مقدس کے بعد چاہے وہ دمشق کے چمن زار ہوں یا اندلس کے مرغزار ہوں، یا بغداد، قاہرہ، دلی، استنبول اور ترکستان کے سبزہ زار ہوں اسلام ایک قوم کے بعد دوسری قوم کی پاسبانی میں برگ و بار لا رہا ہے اور اپنا دائرہ وسیع کرتا جا رہا ہے اور اسلام کا یہی اعجاز اسلام دشمن طاقتوں کو حیران و پریشان کئے ہوئے ہے اور اسی خوف سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیوں کا ایک جال بچھا دیا گیا ہے جب کہ قرآن مجید نے واضح الفاظ میں اعلان کر دیا ہے کہ چراغ مصطفوی پھونکوں سے نہیں بجھایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نور کو پورا اور عام کرے گا،

یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون (الصف - ۸)

اپنے منہ کی پھونکوں سے اللہ تعالیٰ کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں اور اللہ کا فیصلہ ہے کہ وہ اپنے نور کو پھیلا کر رہے گا۔ خواہ کافروں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔

اور مسلمانوں کے خلاف جو طرح طرح کی ریشہ دوانیاں ہو رہی ہیں، ان کے متعلق قرآن مجید کہتا ہے:- وان اللہ موھن کید الکافرین (الانفال - ۱۸) اور کافروں کے ساتھ معاملہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی چالوں کو کمزور کرنے والا ہے۔ اسلام کی مضبوطی اور استحکام نیز اس کے برگ و بار لانے کے متعلق قرآن مجید میں ارشاد ہے:-

الم تر کیف ضرب اللہ مثلا کلمۃ طیبۃ کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء تؤتی اکلھا کل حین باذن ربھا ویضرب اللہ الامثال للناس لعلھم یتذکرون (ابراہیم ۲۴-۲۵)

کیا تم دیکھتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کلمہ طیبہ کو کس چیز سے مثال دی ہے، اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اچھی ذات کا درخت جس کی جڑ زمین میں گہری جمی ہوئی ہے اور شاخیں آسمان تک پہونچی ہوئی ہیں ہر آن وہ اپنے رب کے حکم سے اپنے پھل دے رہا ہے، یہ مثالیں اللہ اس لئے دیتا ہے کہ لوگ ان سے سبق لیں۔

یہ اسلام کا اعجاز ہے کہ وہ ان ملکوں میں اپنی پوری توانائی اور آب و تاب کے ساتھ موجود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے جو کسی زمانہ میں اسلام کے دشمن تھے اور اسلام کو مٹانے کے در پے تھے اور مراکز اسلام پر ان کے حملے ہو رہے تھے مگر اب اسلام کی حقانیت اور اس کے ابدی پیغام کا اعجاز ہے کہ وہ دیار مغرب میں مادہ پرستوں کے ذہنوں کو مسخر کر دیا ہے اور انہیں سکون و اطمینان اور ہدایت و نور کی طرف لے جا رہا ہے اور ان کو اپنی آغوش میں سکون و طمانیت فراہم کر رہا ہے اور ان سے اسلام کی تبلیغ کا کام لے رہا ہے اور اللہ اکبر کی صدائیں مشرق سے لے کر مغرب کے در و بام سے بلند ہو رہی ہیں اور یہ امر بعید از قیاس نہیں ہے کہ اسلام کو یورپ میں اسی طرح سرپرستی و پاسداری حاصل ہو جائے جو کسی زمانہ میں مشرق وسطیٰ بعید، وسط ایشیا اور جنوب ایشیا میں حاصل تھی۔

---




© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




# ٹی سی پی
## ایک کامیاب بین الاقوامی رابطہ



### ہماری ضمانت

- بروقت ترسیل
- مناسب قیمتیں
- بہترین خدمات
- معیاری کوالٹی کنٹرول

**ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان لمیٹڈ**

پریس ٹرسٹ ہاؤس۔ آئی آئی چندریگر روڈ۔ کراچی۔ پاکستان

ٹیلیفون: ۱۹-۵۱۵-۳۱ (۱۰ لائنیں)۔ ٹیلیگرام TRACOPK ٹیلیکس: 2784 TCP PK

PID(ISL) TCP-5/85 ORIENT


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ
شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ
وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝

پارہ ۲۲ سورہ الاحزاب رکوع ۵ آیت ۴۵، ۴۶

اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) بیشک آپکو اس شان کا رسول بنا کر بھیجا ہے
کہ آپ گواہ ہوں گے اور آپ (مومنین کے) بشارت دینے والے ہیں اور (کفار کے)
ڈرانے والے ہیں اور (سب کو) اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والے ہیں۔ اور
آپ ایک روشن چراغ ہیں۔

O Prophet ! truly We have sent thee
as a Witness, a Bearer of glad
tidings, and a Warner, and as
one who invites to Allah's (Grace)
by his leave. And A Lamp Spreading Light

**Karachi Port Trust**

The Port of Pakistan

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# بیجنگ

## اب کراچی سے ہفتہ میں تین پروازیں

### جمعرات کو کراچی سے سیدھے بیجنگ
### اتوار اور منگل کو براستہ اسلام آباد



۳ر مئی ۱۹۸۷ء سے پی آئی اے نے بیجنگ کیلئے
اپنی تیسری پرواز دوبارہ شروع کردی ہے۔
قراقرم کی بلند و بالا، خوبصورت اور پرشکوہ
چوٹیوں پر سے گزرتی ہوئی تین آرام دہ پروازیں...
ایک عظیم منزل کی طرف رواں دواں!

| دن | | منگل | جمعرات | اتوار |
|---|---|---|---|---|
| فلائٹ نمبر | | ۶۵۴ | ۶۵۰ | ۶۵۲ |
| جہاز | | بی ۷۰۷ | | |
| درجہ | | ایف/وائی | | |
| کراچی | روانگی | ۰۵،۲۰ | ۰۶،۰۰ | ۰۴،۰۰ |
| اسلام آباد | آمد | ۰۷،۱۵ | | ۰۵،۵۵ |
| | روانگی | ۰۸،۲۰ | | ۰۶،۰۰ |
| بیجنگ | آمد | ۱۶،۵۰ | ۱۶،۵۰ | ۱۴،۳۰ |

۳ر مئی ۱۹۸۷ء سے نافذ العمل — تمام اوقات مقامی ہیں۔

مزید معلومات کے لئے قریبی پی آئی اے بکنگ آفس یا اپنے ٹریول ایجنٹ سے رابطہ قائم کیجئے۔

PIA پی آئی اے
پاکستان انٹرنیشنل
باکمال لوگ ۔ لاجواب پرواز

PID(ISLAMABAD) — IAL-IPP 8/87

© rasailojaraid.com